COLLEGE BOARD

# SAT® Test Directions Translated into Urdu for Students

## Spring 2020 School Day Testing Only

## Notes to the Proctor

Your school may be offering both the SAT without Essay and SAT with Essay. College Board now allows schools to combine students with both test options in a single standard room. This translated script includes a section of test directions for English learner (EL) students testing in either a combined or uncombined room.

**Printing this document for your students:**

These translated directions are grouped into several parts for students: Part 1 (Notes to Student), Part 2 (Standard SAT Script Through Math Test – No Calculator), Part 3 (Standard SAT Script: Math Test – Calculator and SAT Essay), and Part 4 (Combined Room SAT Standard Script: Math Test – Calculator and SAT Essay).

- If testing in a standard room that is UNCOMBINED, or in an ACCOMMODATED room, print Parts 1–3. Omit Part 4.
- If testing in a standard room that is COMBINED, print Parts 1–2, and 4. Omit Part 3.

**Using this document on test day:**

Distribute this document once students are seated.

Students may use this document to read translations of the directions that are read aloud or printed in their test book.

Students may keep this document open and on their desk during the entire testing period.

Students may NOT be given additional time, unless approved by College Board as a separate accommodation.

Collect this document from each student at the end of testing and securely destroy it.

© 2019 College Board. College Board and SAT are registered trademarks of College Board. Unauthorized copying or reuse of any part of this document is illegal.

# Table of Contents

Notes to the Proctor 1
1 Notes to the Student 3
2 Standard SAT Script Through Math Test – No Calculator 4
2.1 Before the Test Begins 4
2.2 Answer Sheet Distribution 5
2.3 Test Book Distribution 7
2.4 Front Cover Directions 9
2.5 Back Cover Directions 10
2.6 Section 1: Reading Test 11
2.6.1 Section 1 Test Book Directions 12
2.6.2 Break Between Sections 12
2.7 Certification Statement 12
2.8 Section 2: Writing and Language Test 12
2.8.1 Section 2 Test Book Directions 13
2.9 Section 3: Math Test – No Calculator 14
2.9.1 Section 3 Test Book Directions 15
2.9.2 Break Between Sections 16
3 Standard SAT Script: Math Test – Calculator and SAT Essay 17
3.1 Section 4: Math Test – Calculator 17
3.1.1 Section 4 Test Book Directions 19
3.1.2 Break Between Sections 20
3.2 The Essay 21
3.2.1 Essay Book Directions 22
3.3 When Testing Is Finished 23
3.4 Completing the Answer Sheets 23
3.5 Answer Sheet Collection 25
4 Combined Room SAT Standard Script: Math Test – Calculator and SAT Essay 26
4.1 Section 4: Math Test – Calculator 26
4.1.1 Section 4 Test Book Directions 28
4.2 Completing the Score Reporting Field 29
4.3 Answer Sheet Collection 30
4.4 The Essay 31
4.4.1 Essay Book Directions 33
4.5 Before Dismissing Students 33

# 1 طلبا کیلئے نوٹس

مندرجہ ذیل ان ہدایات کا ترجمہ ہے جو نگران باآواز بلند پڑھے گا، نیز ان تحریری ہدایات کا بھی جو آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہیں۔ جیسے جیسے آپ کا نگران انگریزی ہدایات باآواز بلند پڑھتا جائے اس کے ساتھ ترجمہ دیکھتے جائیں۔ اگر آپ کو اس حوالے سے کوئی سوال ہو کہ آپ کا نگران کیا پڑھ رہا ہے تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

- ضروری نہیں کہ یہ ترجمہ شدہ ہدایات آپ کے نگران کی جانب سے پڑھی جانے والی ہدایات سے لفظ بہ لفظ مماثل ہوں۔ فکر نہ کریں، مطلب ایک ہی ہے۔
- ممکن ہے کہ آپ کا نگران کچھ ایسی ہدایات نظر انداز کر دے جو آپ کی امتحانی صورتحال پر لاگو نہیں ہوتیں۔
- آپ امتحان کے پورے وقت کے دوران اس دستاویز کو اپنی ڈیسک پر رکھ سکتے ہیں تاہم امتحان کے بعد اسے نگران کو واپس لوٹانا ہوگا۔
- آپ اس دستاویز کو فالتو کاغذ کے بطور استعمال نہیں کر سکتے۔
- مختلف اوقات پر، آپ کا نگران سیکشن میں باقی وقت کا اعلان کرے گا، نیز وقفوں کا بھی، جیسا کہ مناسب ہو۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو یہ اعلانات اس ترجمہ شدہ دستاویز میں درج اوقات اور وقفوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔
- اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کا نگران انگریزی میں اضافی ہدایات دے سکتا ہے۔
- آپ کی توجہ مخصوص معلومات کی جانب مبذول کروانے کیلئے اس پوری دستاویز میں آئیکنز کا استعمال کیا گیا ہے:

اہم معلومات

آپ کے نگران کی جانب سے بولی جانے والی ہدایات

آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہدایات

# 2 ریاضی کے امتحان کے ذریعے معیاری SAT اسکرپٹ - کوئی کیلکولیٹر نہیں

## 2.1 امتحان شروع ہونے سے قبل

*آپ کا نگران بات کا آغاز اس سے کرے گا:*

صبح بخیر۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آپ یہاں SAT دینے آئے ہیں۔ اپنے کالج اور کیریئر کے اہداف کی جانب یہ اہم قدم لینے پر مبارکباد وصول کریں۔

اس سے قبل کہ آپ امتحان شروع کریں، میں کچھ ہدایات پڑھ کر سناؤں گا۔ اس میں تقریباً 20 منٹ کا وقت لگنا چاہیئے۔ براہ کرم دھیان سے سنیں اور اگر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ بلند کریں۔ یاد رکھیں، اس امتحان میں میرا کردار یہ ہے کہ آپ کو اپنے ہنر اور معلومات کا مظاہرہ کرنے کیلئے بہترین موقع فراہم کرنا یقینی بنایا جا سکے۔

اگر آپ ترجمہ کی گئی پرنٹ شدہ ہدایات استعمال کر رہے ہیں تو اب اپنا کتابچہ کھول لیں تاکہ میرے ہدایات بتانے کے ساتھ ساتھ آپ انہیں پڑھ سکیں۔

*آپ کا نگران اس طرح بات جاری رکھے گا:*

College Board نے یہ یقینی بنانے کیلئے پالیسیاں تیار کی ہیں کہ سبھی طلبا کو امتحان کا منصفانہ اور مساوی تجربہ ملے۔ آج اس کمرے میں موجود ہر شخص یہ ممکن بنانے میں مدد کرنے کیلئے ذمہ دار ہے۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو تنگ کرتا ہے یا کوئی غیر منصفانہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے تو میں اسے کمرے سے رخصت ہو جانے کا کہوں گا اور اس کے سکورز منسوخ ہو جائیں گے۔ ممکن ہے کہ انہیں آئندہ College Board کے دیگر امتحانات دینے سے بھی روک دیا جائے۔

غیر منصفانہ فوائد کی کچھ مثالیں یہ ہیں:

- کسی بھی قسم کی مدد دینا یا حاصل کرنا
- وقت شروع ہونے سے پہلے امتحانی کتاب دیکھنا
- جس پر ہم فی الوقت موجود ہوں اس کے علاوہ کسی اور سیکشن یا امتحان کو دیکھنا
- وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے کے بعد جوابات کو نشان زد یا تبدیل کرنا
- کمرہ امتحان سے امتحانی مواد باہر لے جانے کی کوشش کرنا
- امتحان یا وقفوں کے دوران سیل فون یا کوئی اور غیر مجاز امتحانی اعانت استعمال کرنا
- امتحان کے دوران یا بعد میں جواب کی کنجی استعمال کرنا کسی کے ساتھ جوابات کا اشتراک کرنا
- امتحان کے دوران لاکر کے پاس جانا یا بلڈنگ سے باہر نکل جانا
- کسی اور کیلئے امتحان دینے کی کوشش کرنا
- منظور شدہ گنجائش کے بغیر امتحان کے دوران کھانا یا پینا
- خلل پیدا کرنا
- امتحانی طریقہ کار پر عمل کرنے میں ناکام ہونا

یہ پالیسیاں یقینی بنانے میں مدد کرتی ہیں کہ آج آپ کا تجربہ منصفانہ رہے اور آپ بغیر کسی خلل کے اپنے امتحان پر توجہ دے سکیں۔

اگر آپ کو کوئی تشویشناک چیز نظر آئے تو براہ کرم مجھ سے یا امتحان کے بعد امتحانی عملہ کے کسی اور ممبر سے بات کریں اور ہم آپ اگلے مراحل کے حوالے سے آپ کی مدد کریں گے۔

**آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔**

*(A) اگر آپ کے سکول نے طلبا کا ذاتی سامان لے لیا ہے تو نگران کہے گا:*

اب تک آپ نے اپنے سبھی فونز اور دیگر کوئی بھی الیکٹرونک آلہ ہمارے حوالے کر دیا ہوگا۔ اگر کسی کے پاس اب بھی کسی قسم کا کوئی الیکٹرونک آلہ ہے، بشمول سمارٹ واچ یا فٹنس ٹریکر تو براہ کرم کوئی بھی الارمز غیر فعال کر دیں، اسے آف کر دیں اور ابھی مجھے دے دیں، یہ امتحان کے اختتام پر آپ کو لوٹا دیا جائے گا۔

*(B) اگر آپ کا سکول طلبا کا ذاتی سامان لینے کی اجازت نہیں دیتا تو آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کے پاس اس وقت کوئی فون یا کسی قسم کا کوئی الیکٹرونک آلہ ہے بشمول سمارٹ واچ یا فٹنس ٹریکر تو آپ کو کسی بھی قسم کے الارمز غیر فعال کر دینے چاہئیں، اسے مکمل طور پر آف کر دینا چاہیئے اور امتحان ختم ہونے تک کیلئے اسے کمرے کے ایک طرف بیگ یا بیگ پیک میں ڈال کر رکھ دینا چاہیئے۔ اگر آپ کو اپنا فون اسٹور کرنے کیلئے پلاسٹک بیگ درکار ہے تو اپنا ہاتھ کھڑا کریں اور میں آپ کو ایک پلاسٹک بیگ فراہم دوں گا۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

ایسا کوئی بھی الیکٹرونک آلہ جو آف کر کے پرے نہ رکھ دیا گیا ہو اسے ضبط کر لیا جائے گا اور جامع تفتیش کے تحت اس کے مواد کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ اگر آپ کو آلہ کے ساتھ دیکھا گیا یا آپ کے پاس ہوتے ہوئے آلہ نے آواز پیدا کی یا خلل پیدا کیا تو مجھے آپ کو امتحان سے برخاست کرنا پڑے گا۔ اب سے جس بھی طالب علم کے پاس مجھے فون، سمارٹ واچ یا کوئی اور الیکٹرونک آلہ دکھائی دیا میں اسے برخاست کر دوں گا۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

ان ہدایات پر توجہ دینے کیلئے شکریہ۔ اب آپ امتحان دینے کیلئے اپنی ڈیسکس صاف کریں گے۔

- اپنی ڈیسک سے ربڑ والی نمبر 2 پینسلز، قابل قبول کیلکولیٹر اور ترجمہ شدہ امتحانی ہدایات یا اگر آپ استعمال کر رہے ہوں تو لفظ بہ لفظ فرہنگ کے علاوہ ہر چیز ہٹا دیں۔
- اگر آپ بیک اپ کیلکولیٹر، اضافی بیٹریاں، ڈرنکس یا اسنیکس لائے ہیں تو انہیں اپنی ڈیسک کے نیچے فرش پر رکھ دیں۔
- اگر آپ کی ڈیسک پر کوئی بیگ یا بیک پیک باقی ہے تو اسے بند کر کے امتحان ختم ہونے تک کمرے کے ایک طرف رکھ دیں۔

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب میں یہ دیکھوں گا کہ آپ سب قابل قبول کیلکولیٹرز استعمال کر رہے ہیں۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم یاد رکھیں کہ آپ کسی بھی وقت اپنے کیلکولیٹرز کا اشتراک یا تبادلہ نہیں کر سکتے۔ اپنا کیلکولیٹر ابھی اپنی ڈیسک کے نیچے رکھ دیں۔ آپ کو بعد میں آنے والے سیکشن سے پہلے اس کی ضرورت نہیں پیش آئے گی۔

## 2.2 جوابی شیٹ کی تقسیم

*جوابی شیٹس تقسیم کرنے کے بعد، آپ کا نگران کہے گا:*

یہ وہ جوابی شیٹس ہیں جنہیں آپ اپنے امتحان میں جوابات نشان زد کرنے کیلئے استعمال کریں گے۔ اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو ابھی اپنی جوابی شیٹ کے سرورق پر موجود ہدایات پڑھیں۔ آپ کے صفحہ نمبر اس سے مختلف ہوں گے جن کا میں اعلان کروں گا تاہم فیلڈ نمبرز اس سے مماثل ہوں گے جو فیلڈ نمبرز میں سب کو فراہم کروں گا۔ آپ بلبے بھرنے کی بجائے مربعوں کو X کے ساتھ نشان زد کریں گے۔

**آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔**

*(A) اگر سبھی طلبا نے پیشگی انتظامی سیشن کے دوران جوابی شیٹ بھری ہوئی تو آپ کا نگران کہے گا:*

یہاں موجود سبھی لوگوں کے پاس لیبل اور/یا پرنٹ شدہ اور بلبلے میں موجود معلومات والی جوابی شیٹ ہونی چاہیئے۔ آپ کے پاس درست جوابی شیٹ ہے یہ چیک کرنے کیلئے براہ کرم یقینی بنا لیں کہ اس پر آپ کا درست قانونی نام اور تاریخ پیدائش موجود ہے۔ اگر آپ کے پاس غلط جوابی شیٹ ہے یا آپ کو لیبل پر کوئی خرابی دکھائی دے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

**اگر سب نے مطلوبہ فیلڈز پُر کر لی ہیں تو آپ کا نگران [امتحانی کتاب کی تقسیم] پر آ جائے گا۔**

*(B) اگر آپ یا دیگر طلبا کو جوابی شیٹ پر مطلوبہ فیلڈز پُر کرنے کی ضرورت ہوئی تو نگران کہے گا:*

آپ میں سے کچھ لوگوں کے پاس اس جوابی شیٹ پر پہلے سے ہی لیبل اور/یا پرنٹ شدہ اور بلبلے میں موجود معلومات ہیں جو میں نے آپ کو ابھی دی ہے۔ اگر ایسا ہے تو آپ کے پاس درست جوابی شیٹ ہے یہ چیک کرنے کیلئے براہ کرم یقینی بنا لیں کہ آپ کی جوابی شیٹ میں موجود معلومات درست ہیں۔ اگر معلومات درست ہیں تو براہ کرم چند منٹ خاموشی سے انتظار کریں جب تک کہ میں دیگر طلبا کو ان کی جوابی شیٹس میں مطلوبہ فیلڈز پُر کرنے کے حوالے سے ہدایات دے رہا ہوں۔ اگر آپ کی جوابی شیٹ میں معلومات غلط ہیں تو براہ کرم ابھی اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*فیلڈ نمبر 1 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 1 پُر کرنی ہے تو اپنا قانونی اختتامی نام، پہلا نام اور درمیانی نام (اگر ہے) درج کریں۔ اگر جگہیں، نشان ربط یا حذفی علامات آپ کے نام کا حصہ ہیں تو براہ کرم انہیں شامل کریں۔ باکسز میں سبھی بڑے جلی حروف استعمال کریں اور پھر مماثل بلبلے بھریں۔ یقینی بنائیں کہ ہر نشان گہرا ہو اور بلبلے کو مکمل طور پر بھرے۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*فیلڈ نمبر 2 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 2 پُر کرنی ہے اور آپ اس سکول میں پڑھتے ہیں تو"Yes" ('ہاں') کیلئے موجود بلبلہ بھریں۔ اگر آپ باقاعدگی سے اس سکول میں پڑھائی نہیں کرتے تو وہ بلبلہ بھریں جو آپ پر لاگو ہوتا ہے۔ اگر آپ کو درست طور پر معلوم نہ ہو کہ کیا بھرنا ہے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*فیلڈ نمبر 3 اور 4 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 3 اور 4 پُر کرنے کی ضرورت ہے اور آپ اس سکول میں پڑھتے ہیں تو ہمارے سکول کا نام، شہر اور ریاست فیلڈ نمبر 3 میں جلی حروف میں لکھیں؛ پھر سکول کا 6 ہندسوں والا کوڈ فیلڈ نمبر 4 میں درج کریں اور مماثل بلبلوں کو بھریں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

اگر آپ اس سکول میں نہیں پڑھتے یا گھر پر سکول پڑھتے ہیں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ میں فیلڈ نمبر 4 میں درج کرنے کیلئے درست کوڈ فراہم کرنے آپ کے پاس آؤں گا۔

**اگر آپ گھر پر سکول پڑھتے ہیں تو آپ کا نگران آپ سے "No, I am homeschooled" ('نہیں، میں گھر پر سکول پڑھتا/پڑھتی ہوں') کیلئے موجود بلبلہ بھرنے اور فیلڈ نمبر 4 میں '970000' درج کرنے کا کہے گا۔ اگر آپ کسی اور سکول میں پڑھتے ہیں تو آپ کا نگران آپ سے "No, this is not the school I regularly attend" ('نہیں، میں اس سکول میں باقاعدگی سے نہیں پڑھتا') کیلئے موجود بلبلہ بھرنے اور پھر فیلڈ نمبر 3 میں آپ کی سکول کی معلومات مکمل کرنے کا کہے گا۔ وہ آپ کو فیلڈ نمبر 4 میں درج کرنے کیلئے سکول کا کوڈ بھی فراہم کرے گا۔**

*فیلڈ نمبر 5 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 5 پُر کرنے کی ضرورت ہے تو پہلے کالم سے شروع کر کے بائیں تک اپنا طالب علم کا شناختی نمبر درج کریں اور بلبلے میں بھریں۔ اگر آپ کے شناختی نمبر میں حروف ہیں تو انہیں شامل نہ کریں اور بیچ میں جگہ دیے بغیر صرف ہندسے درج کریں۔ اگر آپ کو اپنا طالب علم کا شناختی نمبر معلوم نہ ہو تو فیلڈ نمبر 5 خالی چھوڑ دیں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*فیلڈ نمبر 6 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 6 پُر کرنے کی ضرورت ہے تو اپنے موجودہ گریڈ کیلئے موجود بلبلہ بھریں۔

*فیلڈ نمبر 7 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 7 پُر کرنے کی ضرورت ہے تو اپنی پیدائش کے مہینے کیلئے موجود بلبلہ پُر کریں۔ بڑے بلاک والی جوابی شیٹوں پر، مہینے کیلئے ہندسے پُر کریں نیز اگر مہینے میں صرف ایک ہی ہندسہ ہو تو صفر سے آغاز کریں۔ اس کے بعد، اپنی پیدائش کے دن کیلئے 2 ہندسوں والا نمبر لکھیں نیز اگر دن 10 سے چھوٹا ہو تو صفر سے آغاز کریں۔ اس کے بعد اپنی پیدائش کے سال کیلئے آخری 2 ہندسے لکھیں۔ مماثل بلبلے بھریں اور مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*فیلڈ نمبر 8 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو فیلڈ نمبر 8 پُر کرنے کی ضرورت ہے تو ابھی کر لیں۔

*امتحانی کتابیں تقسیم کرنے سے پہلے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو اپنی جوابی شیٹ کے غیر امتحانی حصے میں اور کوئی فیلڈ پُر کرنی ہے تو امتحان مکمل ہونے کے بعد آپ کو اس کا موقع ملے گا۔

## 2.3 امتحانی کتاب کی تقسیم

*سرورق اور پچھلے کور کے ترجمے کیلئے اس سیکشن کے اختتام پر سرورق اور پچھلے کور کی ہدایات دیکھیں۔*

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

میں اب آپ کی امتحانی کتابیں تقسیم کروں گا۔ جب تک میں نہ کہوں انہیں مت کھولیے گا۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

جب آپ کو اپنی امتحانی کتاب ملے تو اسے پلٹ دیں اور اپنا اختتامی نام، پہلا نام اور اگر درمیانی نام ہو تو اسے درج کریں۔

پھر سکول کا کوڈ، نام اور اس کمرہ امتحان کا کوڈ درج جو میں نے آپ کیلئے تحریر کیا ہے۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

اب پچھلا کور پڑھیں۔ اس میں جوابات کو نشان زد کرنے اور سکورنگ کے حوالے سے اہم معلومات ہیں۔ جب آپ پڑھنا مکمل کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

آپ نے جو کچھ پڑھا ہے اس کے حوالے سے کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟

*آپ کا نگران یہ کہ کر اضافی ہدایات دے گا:*

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے جوابات نشان زد کرنے کیلئے ہدایات پر عمل کریں تاکہ آپ کی جوابی شیٹ کو سکور دیا جا سکے۔ میں اہم ترین نکات کی تاکید کروں گا تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ واضح ہیں۔ براہ کرم دھیان سے سنیں۔

- جوابی شیٹ میں اپنے سبھی جوابات نشان زد کریں۔ صرف جوابی شیٹ میں نشان زد کیے گئے جوابات کو ہی سکور دیا جا سکتا ہے الّا یہ کہ آپ کے پاس انہیں امتحانی کتاب میں نشان زد کرنے کیلئے College Board کی منظوری ہو۔ وقت ختم ہونے کا اعلان ہونے کے بعد آپ اپنی امتحانی کتاب سے جوابی شیٹ میں جوابات منتقل نہیں کر سکتے نہ ہی بلبلے بھر سکتے ہیں۔

- نمبر 2 پینسل استعمال کرنا یقینی بنائیں۔ پین، رنگین پینسل یا میکنیکل پینسل استعمال مت کریں۔
- ہر سوال کیلئے 1 ہی جواب نشان زد کریں اور جوابی شیٹ پر موجود بلبلوں کو گہرے اور مکمل طریقے سے بھریں۔
- جوابات کے علاوہ اپنی جوابی شیٹ میں اور کوئی نشانات مت بنائیں۔ آپ کی جوابی شیٹ میں بلاوجہ کے نشانات سکورنگ میں مداخلت کریں گے۔
- اگر آپ انہیں مٹاتے ہیں تو مکمل طور پر مٹائیں۔ نامکمل طور پر مٹانے کو مقصود جواب کے بطور سکور دیا جا سکتا ہے۔

*فیلڈ نمبر 9، امتحان کی قسم کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

فیلڈ نمبر 9 میں، آپ آج جو امتحان لے رہے ہیں اس کے بلبلے کو بھریں جو کہ میں بورڈ پر بھی تحریر کیا ہوا ہے۔ اگر آپ کو درست طور پر معلوم نہ ہو کہ امتحان کے کس بلبلے کو بھرنا ہے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*فیلڈز A اور B،Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اپنی جوابی شیٹ کے پچھلے حصے (یا بڑے بلاک والی جوابی شیٹ کے صفحہ نمبر 16 پر) فیلڈز A اور B دیکھیں۔ اپنی امتحانی کتاب کے پچھلے حصے پر Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) دیکھیں۔ Form Code (فارم کوڈ) اور Test ID (امتحانی آئی ڈی) کو بالکل درست طور پر اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈز A اور B میں نقل کریں جیسا کہ وہ آپ کے امتحان میں دکھائی دے رہی ہیں۔ فیلڈ A کیلئے، براہ کرم مناسب بلبلوں کو بھی بھریں۔ جب آپ مکمل کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

*فیلڈ C، Test Book Serial Number (امتحانی کتاب کے نمبر شمار) کیلئے آپ کا نگران کہے گا:*

اپنی امتحانی کتاب کے سرورق کو دیکھیں۔ بالائی دائیں کونے میں Test Book Serial Number (امتحانی کتاب کا نمبر شمار) کے بطور لیبل شدہ نمبر کو دیکھیں۔ اپنا نمبر شمار جوابی شیٹ کی فیلڈ C میں درج کریں اور مماثل بلبلوں کو بھریں۔

*جب طلبا فیلڈز A تا C مکمل کر لیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اپنے سکورز حاصل کرنے میں پریشانیوں سے بچنے کیلئے، Form Code (فارم کوڈ)، Test ID (امتحانی آئی ڈی) اور Test Book Serial Number (امتحانی کتاب کا نمبر شمار) چیک کر کے یقینی بنا لیں کہ آپ نے انہیں درست طور پر درج کیا ہے۔

*اگر آپ کا سکول کمرہ امتحان کے کوڈز استعمال کر رہا ہے تو آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کی جوابی شیٹ کی فیلڈ D میں، کمرہ امتحان کا 3 ہندسوں والا کوڈ پُر کریں جو میں نے آپ کیلئے تحریر کر دیا ہے۔

اگر آپ کا سکول کمرہ امتحان کے کوڈز استعمال نہیں کر رہا ہے تو آپ کا نگران طلبا کو فیلڈ D خالی چھوڑ دینے کی ہدایت دے گا۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

میرے کچھ حتمی ہدایات پڑھ لینے کے بعد آپ بس چند منٹ میں امتحان شروع کر دیں گے۔

امتحان کے دوران، اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔ اگر آپ کو اپنی جوابی شیٹ یا امتحانی کتاب کے حوالے سے کچھ خرابی معلوم ہو جیسے کہ کوئی صفحہ غائب ہو یا آپ کو یہ پتہ چلے کہ آپ اپنی جوابی شیٹ کے غلط سیکشن میں جوابات لکھ رہے تھے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

جوابی شیٹس اور امتحانی کتابیں کمرہ امتحان سے کبھی بھی باہر نہیں لے جانی چاہئیں۔

امتحان میں ہر سیکشن کیلئے وقت مخصوص ہے۔ میں ہر محدود وقت والے حصے کیلئے آغاز اور اختتام کے اوقات تحریر کروں گا اور ہر محدود وقت والے حصے کیلئے آدھا وقت گزر جانے اور پھر 5 منٹ باقی رہ جانے کے بعد دوبارہ اعلان کروں گا۔ امتحان کے دوران آپ کو وقفے ملیں گے جن میں آپ اس کمرے سے باہر جا کر اسنیکس وغیرہ کھا سکتے ہیں یا واش روم استعمال کر سکتے ہیں۔

*آپ کا نگران اس طرح بات جاری رکھے گا:*

میں ہر تھوڑی دیر بعد کمرے کا چکر بھی لگاؤں گا تاکہ یقینی بنا سکوں کہ ہر کوئی درست سیکشن پر کام کر رہا ہے۔ SAT کیلئے، آپ ایک وقت میں صرف 1 ہی سیکشن پر کام کر سکتے ہیں۔ آپ کو اگلے سیکشن پر جانے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ کہا نہ جائے۔ یہ آپ کی عادت کے خلاف ہو سکتا ہے لہذا کسی اگلے سیکشن پر نہ جانا یا پچھلے سیکشن کو نہ دیکھنا یقینی بنائیں، چاہے آپ اپنا موجودہ سیکشن مکمل ہی کیوں نہ کر چکے ہوں۔

اپنی بہترین کوشش کریں اور ہر سوال کا جواب دینا یاد رکھیں چاہے آپ کو درست جواب کا یقینی طور پر علم نہ ہو۔ غلط جوابات پر آپ کے پوائنٹس نہیں کاٹے جائیں گے۔

امتحان ختم ہونے کے بعد، براہ مرکر اپنی جگہ پر بیٹھے رہیں اور جب تک میں آپ کو برخاست نہ کروں کمرے سے باہر نہ نکلیں۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو ابھی پوچھ سکتے ہیں۔

## 2.4 سرورق کی ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سرورق کا ترجمہ ہے۔*

---

**اہم یاد دہانیاں**

1
اس امتحان کیلئے نمبر 2 پینسل درکار ہے۔ میکینکل پینسل یا پین استعمال نہ کریں۔

2
کسی کے ساتھ کسی بھی جواب کا اشتراک کرنا امتحانی سیکورٹی اور منصفانہ پالیسیوں کی خلاف ورزی ہے اور اس کا نتیجہ آپ کے سکورز منسوخ ہونے کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

یہ امتحانی کتاب کمرے سے باہر نہیں لے جانی چاہیئے۔ اس امتحانی کتاب کے کسی بھی حصے کی غیر مجاز نقل یا استعمال ممنوع ہے۔

© 2019 College Board. College Board، SAT اور acorn کا لوگو College Board کے رجسٹر شدہ ٹریڈ مارکس ہیں۔

## 2.5 پچھلے کورز کی ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے پچھلے کورز کا ترجمہ ہے۔ جب ہدایت دی جائے تو آپ کو اپنی امتحانی کتاب یا جوابی شیٹ میں لکھنا چاہیئے نہ کہ اس دستاویز میں۔*

آپ کا نام (جلی حروف میں) ____________________
اختتامی نام　　پہلا نام　　درمیانی نام

سکول ____________________
نمبر　　سکول کا نام　　کمرہ

# SAT

**عمومی ہدایات**

- آپ ایک وقت میں صرف ایک ہی سیکشن پر کام کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے کوئی سیکشن مکمل کر لیں تو اس سیکشن میں اپنے کام کو چیک کر لیں۔ آپ کسی اور سیکشن پر 'نہیں' جا سکتے۔


**جوابات نشان زد کرنا**

- اپنی جوابی شیٹ کو درست طریقے سے نشان زد کرنا یقینی بنائیں۔

مکمل کا نشان:　　نامکمل کے نشانات:



- آپ کو نمبر 2 پینسل استعمال کرنی چاہیئے۔
- ہر سوال کیلئے دھیان سے صرف ایک ہی جواب نشان زد کریں۔
- پورے بلبلے کو گہرے اور مکمل طور پر بھرنا یقینی بنائیں۔
- اپنی جوابی شیٹ میں کوئی بلاوجہ کا نشان مت ڈالیں۔
- اگر آپ نہیں مٹاتے ہیں تو مکمل طور پر مٹائیں۔ نامکمل طور پر مٹائے جانے کو مقصود جواب کے طور پر سکور کیا جا سکتا ہے۔
- جواب دینے کی صرف وہی جگہیں استعمال کریں جو سوال نمبر سے مماثل ہوں۔




**اپنی امتحانی کتاب استعمال کرنا**

- آپ امتحانی کتاب کو فالتو کام کیلئے استعمال کر سکتے ہیں تاہم آپ اپنی امتحانی کتاب میں جو کچھ بھی لکھیں گے اس کیلئے آپ کو کریڈٹ موصول نہیں ہوگا۔
- وقت ختم ہونے کا اعلان ہونے کے بعد آپ اپنی امتحانی کتاب سے جوابی شیٹ میں جوابات منتقل نہیں کر سکتے نہ ہی بلبلے بھر سکتے ہیں۔
- آپ اس کتاب کے کسی صفحہ یا صفحہ کے حصے کو نہ تو ہٹا نہیں سکتے نہ ہی کتاب یا جوابی شیٹ کو کمرہ امتحان سے باہر لے جا سکتے ہیں۔

**سکورنگ**

- ہر درست جواب کیلئے آپ کو ایک پوائنٹ ملے گا۔
- غلط جوابات کیلئے آپ کے پوائنٹس نہیں کاٹے جائیں گے لہذا آپ کو ہر سوال کا جواب دینے کی کوشش کرنی چاہیئے چاہے آپ کو درست جواب کا یقینی طور پر علم نہ بھی ہو۔

اس امتحان کیلئے اقتباسات میں موجود خیالات جن میں سے کچھ شائع شدہ مواد سے حرف بہ حرف یا ترمیم کر کے نقل کیے گئے ہیں، لازمی طور پر College Board کے خیالات کی نمائندگی نہیں کرتے۔

**جب تک کہ آپ کا نگران آپ سے نہ کہے یہ کتاب مت کھولیں۔**

## 2.6 سیکشن 1: مطالعہ کا امتحان

*سیکشن 1 کیلئے معیاری وقت **65 منٹ** ہے جبکہ سیکشن کے اختتام پر **10 منٹ کا وقفہ** ملے گا۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم سیکشن نمبر 1، مطالعہ کا امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن نمبر 1 پر کام کرنے کیلئے 65 منٹ ہوں گے۔ جب یہ سیکشن مکمل ہو جائے گا تو ہم ایک مختصر وقفہ لیں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کھول کر سیکشن نمبر 1 پر جائیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام کرنا شروع مت کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو ڈیسک پر چپٹا کر کے رکھیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 1 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔ اگر آپ کوئی سوال بعد میں مکمل کرنے کیلئے چھوڑتے ہیں تو جوابی شیٹ میں اس کی سطر خالی چھوڑنا یقینی بنائیں۔

اگر آپ میرے وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں تاہم آپ امتحانی کتاب یا جوابی شیٹ کے کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔ جیسا کہ میں نے پہلے تذکرہ کیا، غلط جوابات کیلئے آپ کے پوائنٹس نہیں کاٹے جائیں گے لہٰذا ہر سوال کا جواب دینے کی کوشش کریں چاہے آپ کو درست جواب کا یقینی طور پر علم نہ بھی ہو۔

اب اپنی امتحانی کتاب میں سیکشن نمبر 1 کھولیں، ہدایات پڑھیں اور کام کرنا شروع کریں۔ میری نیک تمنائیں آپ سب کے ساتھ ہیں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*30 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 1 کیلئے 35 منٹ باقی ہیں۔

*60 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 1 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 65 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی جوابی شیٹ بند کر دیں اور اسے اپنی امتحانی کتاب کے سرورق تلے رکھ دیں۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔ اب ہم 10 منٹ کا وقفہ لیں گے۔

براہ کرم یہ قوائد و ضوابط دھیان سے سن لیں:

- اگر آپ اسنیکس لائے ہیں تو آپ انہیں صرف تفویض کردہ جگھوں میں ہی کھا سکتے ہیں۔
- وقفے کے دوران کسی کے بھی ساتھ امتحانی سوالات پر بات چیت نہ کریں نہ ہی کسی قسم کا الیکٹرونک آلہ استعمال کریں۔
- صرف تفویض کردہ جگہوں، ہال یا واش روم جائیں۔
- براہ کرم دیگر کمروں میں کام کرنے والے طلبا کا خیال کریں اور ہال میں بات چیت نہ کریں۔

ہم عین 10 منٹ کے بعد امتحان دوبارہ شروع کر دیں گے۔

## 2.6.1 سیکشن نمبر 1 امتحانی کتاب کی ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 1 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

---

**65 منٹ، 52 سوالات (معیاری وقت)**

اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 1 پر جائیں۔

**ہدایات**
ذیل میں موجود ہر اقتباس یا اقتباسات کے جوڑے کے بعد کئی سوالات ہیں۔ ہر اقتباس یا جوڑے کو پڑھنے کے بعد، اقتباس یا اقتباسات اور ساتھ دی گئی کسی بھی تصویر (جیسے کہ ٹیبل یا گراف) میں جو بیان کیا گیا ہے یا جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس کی بنیاد پر ہر سوال کا بہترین جواب منتخب کریں۔

---

## 2.6.2 سیکشنز کے بیچ وقفہ

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

## 2.7 سند کا بیان

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

جب آپ اپنی جوابی شیٹ جمع کرواتے ہیں تو آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ کسی بھی حال میں آپ کمرہ امتحان سے امتحانی سوالات نہیں لے کر جائیں گے، انہیں کسی کو نہیں دیں گے یا کسی بھی ذریعے سے ان پر بات چیت نہیں کریں گے بشمول تاہم بلاتحدید ای میل، متنی پیغامات یا انٹرنیٹ۔ ان شرائط کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سبھی طلبا کو امتحان کا منصفانہ اور مساوی تجربہ ملے۔ شرائط *SAT School Day Student Guide* میں موجود ہیں جو کہ School Day کے سبھی امتحان لینے والوں کیلئے اور sat.org پر آن لائن دستیاب ہیں۔

اپنی جوابی شیٹ باہر نکالیں تاہم اپنی امتحانی کتاب بند رکھیں۔ اپنی جوابی شیٹ کے پچھلے حصے پر جائیں اور سند کے بیان کی فیلڈ دیکھیں۔ نچلے حصے میں شرائط کا پیراگراف پڑھنے کے بعد، بیان کو اپنے معمول کے طرز لکھائی میں نقل کریں، جلی یا رواں خط دونوں درست ہیں۔ پھر اپنے مکمل نام کا دستخط کریں جیسے کہ آپ کسی سرکاری دستاویز پر کرتے ہیں۔ اپنے دستخط کے بعد، آج کی تاریخ درج کریں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

**مندرجہ ذیل آپ کی جوابی شیٹ کے پچھلے حصے پر موجود سند کے بیان کا ترجمہ ہے۔ بیان انگریزی میں نقل کریں، نہ کہ یہاں دیے گئے ترجمے کو۔**

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں ہی اس جوابی شیٹ میں درج کردہ شخص ہوں اور میں امتحان کے رہنما خطوط میں بیان کردہ امتحانی سیکورٹی اور منصفانہ پالیسوں پر عمل کرنے کا وعدہ کرتا/کرتی ہوں۔

## 2.8 سیکشن نمبر 2: تحریر اور زبان کا امتحان

*سیکشن نمبر 2 کیلئے معیاری وقت **35 منٹ** ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم سیکشن نمبر 2، تحریر اور زبان کے امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن نمبر 2 پر کام کرنے کیلئے 35 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور سیکشن کا اختتام ہونے میں 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

اپنی جواب شیٹ کھولیں اور سیکشن نمبر 2 دیکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام کرنا شروع مت کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو ڈیسک پر چپٹا کر کے رکھیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 2 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔

اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔ براہ کرم اپنا کیلکولیٹر اپنی ڈیسک کے نیچے رکھیں۔

اب اپنی امتحانی کتاب میں سیکشن نمبر 2 کھولیں، ہدایات پڑھیں اور کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*15 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 2 کیلئے 20 منٹ باقی ہیں۔

*30 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 2 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 35 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔

اپنی جوابی شیٹ کو امتحانی کتاب کے اس صفحے پر رکھیں جس پر آپ نے کام کرنا بند کیا ہے۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔

## 2.8.1 سیکشن نمبر 2 امتحانی کتاب کی ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 2 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

---

**35 منٹ، 44 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 2 پر جائیں۔**

**ہدایات**

ذیل میں ہر پیراگراف کے ساتھ کئی سوالات ہیں۔ کچھ سوالات کیلئے آپ کو اس پر غور کرنا ہوگا کہ خیالات کے اظہار کو بہتر بنانے کیلئے پیراگراف میں کیا تبدیلیاں کر کے اسے دوبارہ لکھا جا سکتا ہے۔ دیگر سوالات کیلئے، آپ کو یہ غور کرنا ہوگا کہ جملے کی ترتیب، استعمال یا رموز اوقاف کی غلطیوں کی اصلاح کرنے کیلئے پیراگراف میں کس طرح ترمیم کی جا سکتی ہے۔ پیراگراف یا سوال کے ساتھ ایک یا ایک سے زائد تصاویر (جیسے کہ ٹیبل یا گراف) ہو سکتی ہیں جنہیں آپ نظر ثانی کرتے ہوئے اور ترمیم کرنے کے فیصلے لیتے ہوئے پیش نظر رکھیں گے۔

کچھ سوالات آپ کو پیراگراف کے خط کشیدہ حصے پر بھیجیں گے۔ دیگر سوالات آپ کو پیراگراف کے کسی مقام پر بھیجیں گے یا آپ سے پورے پیراگراف پر غور و فکر کرنے کا کہیں گے۔

ہر پیراگراف کو پڑھنے کے بعد، ہر سوال کا وہ جواب منتخب کریں جو سب سے زیادہ افادیت کے ساتھ پیراگراف میں تحریر نگاری کا معیار بہتر بناتا ہے یا جو پیراگراف کو انگریزی تحریر نگاری کے معیاری اسلوب کے مطابق ڈھالتا ہے۔ بہت سے سوالات میں 'کوئی تبدیلی نہیں' کا اختیار شامل ہے۔ اس اختیار کو اس صورت میں منتخب کریں اگر آپ سمجھتے ہوں کہ بہترین انتخاب پیراگراف کے متعلقہ حصے کو جوں کا توں رہنے دینا ہے۔

---

## 2.9 سیکشن 3: ریاضی کا امتحان – کوئی کیلکولیٹر نہیں

*سیکشن نمبر 3 کیلئے معیاری وقت **25 منٹ** ہے جبکہ سیکشن کے اختتام پر **5 منٹ کا وقفہ** ملے گا۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم سیکشن نمبر 3، بغیر کیلکولیٹر کے ریاضی کا امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن نمبر 3 پر کام کرنے کیلئے 25 منٹ ہوں گے۔ جب یہ سیکشن مکمل ہو جائے گا تو ہم ایک مختصر وقفہ لیں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور سیکشن کا اختتام ہونے میں 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

اپنی امتحانی کتاب کھولیں، جوابی شیٹ نکالیں اور سیکشن نمبر 3 دیکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام کرنا شروع مت کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 3 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔ زیادہ تر سوالات متعدد انتخابات والے ہیں تاہم آخری چند سوالات 'Student-Produced Responses' (طلبا کے تیار کردہ جوابات) ہیں۔ ان سوالات کے جوابات کو پُر کرنے کی ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں موجود ہیں۔ آپ کو اپنا جواب ریکارڈ کرنے کیلئے کبھی بھی 4 سے زیادہ جگہوں کی ضرورت نہیں ہوگی اگرچہ ممکن ہے کہ کچھ جوابات چاروں جگہیں استعمال نہ کریں۔

اگرچہ یہ ریاضی کا سیکشن ہے تاہم آپ کو امتحان کے اس حصے کیلئے کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ براہ کرم اپنے کیلکولیٹر کو اپنی ڈیسک کے نیچے رکھیں الّا یہ کہ آپ کے پاس 4 فنکشن والا کیلکولیٹر استعمال کرنے کی منظور شدہ گنجائش ہو۔ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟

اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں تاہم آپ امتحانی کتاب یا جوابی شیٹ کے کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب اپنی امتحانی کتاب میں سیکشن نمبر 3 کھولیں، ہدایات پڑھیں اور کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*10 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 3 کیلئے 15 منٹ باقی ہیں۔

*20 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 3 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 25 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔

وقفے کے بعد اپنی جگہ فوراً تلاش کرنے میں سہولت کیلئے، اپنی جوابی شیٹ کو امتحانی کتاب کے اس صفحے کے اوپر رکھیں جس پر آپ ابھی کام کر رہے تھے۔ اپنی امتحانی کتاب بند کر کے اسے اپنی ڈیسک پر چھوڑ دیں۔ اب ہم 5 منٹ کا وقفہ لیں گے۔ اگر آپ اسنیکس لائے ہیں تو آپ انہیں صرف تفویض کردہ جگہوں میں ہی کھا سکتے ہیں۔ پہلے کی طرح ہی، تفویض کردہ جگہوں، ہال یا واش روم کے علاوہ کہیں اور نہ جائیں۔ ہال میں باتیں نہ کریں، کسی کے بھی ساتھ امتحانی سوالات پر بات چیت نہ کریں نہ ہی کسی قسم کا الیکٹرونک آلہ استعمال کریں۔ ہم عین 5 منٹ کے بعد امتحان دوبارہ شروع کر دیں گے۔

### 2.9.1 سیکشن نمبر 3 امتحانی کتاب کی ہدایات

مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 3 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔

**25 منٹ، 20 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 3 پر جائیں۔**


**ہدایات**

**سوالات 1-15 کیلئے**، ہر مسئلے کو حل کریں، فراہم کردہ انتخابات سے بہترین جواب منتخب کریں اور اپنی جوابی شیٹ میں مماثل بلبلے کو بھریں۔ **سوالات 16-20 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ براہ کرم سوال نمبر 16 سے پہلے گرڈ میں اپنے جوابات درج کرنے کے حوالے سے ہدایات سے رجوع کریں۔ آپ فالتو کام کیلئے اپنے امتحانی کتابچہ میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹس**

1. کیلکولیٹر کے استعمال کی **اجازت نہیں ہے**۔
2. استعمال کردہ سبھی متغیرات اور علامات ریاضی حقیقی اعداد کو ظاہر کرتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ تصاویر پیمانے کے لحاظ سے بنائی گئی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
4. سبھی تصاویر ایک ہی سطح پر ہوتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
5. جب تک کہ اس کے برعکس نشاندہی نہ کی گئی ہو، دیے گئے فنکشن $f$ کی ڈومین سبھی حقیقی اعداد $x$ پر سیٹ ہے جس کیلئے $f(x)$ ایک حقیقی عدد ہے۔

**حوالہ**




دائرے کے اندر خم کے زاویے کا عدد 360 ہے۔
دائرے کے اندر خم کے قطر کا عدد 2 ہے$\pi$۔
مثلث کے زاویوں کی ڈگری کی پیمائش کی جمع 180 ہے۔

**ہدایات**

**سوالات 20-16 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب حسب ذیل بیان کردہ طریقے کے مطابق درج کریں۔


1. اگرچہ لازمی نہیں ہے تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا جواب کالمز کے ٹاپ پر باکسز میں لکھیں تاکہ بلبلے بالکل درست طور پر بھرنے میں سہولت ہو۔ آپ کو کریڈٹ صرف اس صورت میں ملے گا جب بلبلے درست طور پر بھرے ہوئے ہوں گے۔

2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد بلبلہ کو نشان زد نہ کریں۔

3. کسی سوال کا جواب منفی میں نہیں ہے۔


4. کچھ مسائل کے ایک سے زائد درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، صرف ایک ہی جواب گرڈ میں درج کریں۔

5. **مخلوط اعداد** جیسے کہ $3\frac{1}{2}$ کو 3.5 یا 7/2 کے طور پر گرڈ میں درج کرنا چاہیئے۔ (اگر





کو گرڈ میں درج کیا جاتا ہے تو اسے $\frac{31}{2}$ سمجھا جائے گا نہ کہ $3\frac{1}{2}$ ۔)


6. **اعشاریہ والے جوابات:** اگر آپ کو اعشاریہ والا ایسا جواب ملتا ہے جس میں گرڈ کی گنجائش سے زیادہ ہندسے ہیں تو اسے راؤنڈ یا مختصر کیا جا سکتا ہے تاہم اسے پوری گرڈ کے اندر مکمل طور پر آنا چاہیئے۔




$\frac{2}{3}$ **کو گرڈ کرنے کے قابل قبول طریقے یہ ہیں:**



**جواب: 201 – دونوں مقامات درست ہیں**



**نوٹ:**
یُمکنك آپ کسی بھی کالم میں اپنے جوابات شروع کر سکتے ہیں جہاں جگہ اجازت دے۔ آپ جو کالم استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں انہیں خالی چھوڑ دینا چاہیئے۔

## 2.9.2 سیکشنز کے بیچ وقفہ

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

# 3 SAT کا معیاری اسکرپٹ: ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر اور SAT Essay

## 3.1 سیکشن 4: ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر

*سیکشن نمبر 4 کیلئے معیاری وقت **55 منٹ** ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*جب سبھی طلبا تیار ہو جائیں گے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم سیکشن نمبر 4، کیلکولیٹر کے ساتھ ریاضی کے امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 پر کام کرنے کیلئے 55 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور سیکشن کا اختتام ہونے میں 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

آپ اس سیکشن کیلئے کیلکولیٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کیلکولیٹر لائے ہیں تو براہ کرم اسے اب باہر نکال لیں اور اپنی ڈیسک کے وسط میں رکھ دیں۔

اگرچہ آپ کو اس سیکشن کیلئے کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت ہے تاہم سبھی سوالات کا جواب کیلکولیٹر کے بغیر بھی دیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کیلکولیٹر استعمال کرتے ہیں تو ان رہنما خطوط پر عمل کرنا یاد رکھیں:

- اپنے کیلکولیٹر کو اپنی ڈیسک پر چپٹی پوزیشن میں رکھیں یا اس طرح پکڑیں کہ دیگر طلبا آپ کا کام نہ دیکھ سکیں۔
- اپنے کیلکولیٹر کا اشتراک یا تبادلہ نہ کریں۔
- اگر آپ بیک اپ کیلکولیٹر یا بیٹریاں لائے ہیں تو انہیں اپنی ڈیسک کے نیچے فرش پر رکھیں۔
- اگر آپ کا کیلکولیٹر خراب ہو جاتا ہے اور آپ کے پاس بیٹریاں یا بیک اپ کیلکولیٹر ہے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ میں دیکھوں گا کہ آیا آپ کا متبادل قابل قبول ہے۔ اگر آپ کے پاس بیک اپ نہیں ہے تو امتحان دینا جاری رکھیں اور اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کریں۔

اپنی امتحانی کتاب کھولیں، جوابی شیٹ نکالیں اور سیکشن نمبر 4 دیکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام کرنا شروع مت کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔ کچھ سوالات 'طلبا کے تیار کردہ جوابات' (Student-Produced Responses) ہیں۔ ان کو بالکل اسی طرح پُر کریں جس طرح آخری سیکشن کو کیا تھا۔ جوابات پُر کرنے کی ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں ہیں۔ آپ کو اپنا جواب ریکارڈ کرنے کیلئے کبھی بھی 4 سے زیادہ جگہوں کی ضرورت نہیں ہوگی اگرچہ ممکن ہے کہ کچھ جوابات چاروں جگہیں استعمال نہ کریں۔

اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب اپنی امتحانی کتاب میں سیکشن نمبر 4 کھولیں، ہدایات پڑھیں اور کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*25 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 30 منٹ باقی ہیں۔

*50 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 55 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی امتحانی کتاب اور جوابی شیٹ بند کریں۔ اپنی امتحانی کتاب جوابی شیٹ کے ساتھ رکھیں۔

*اب آپ کا نگران کہے گا:*

اس سے پہلے کہ میں آپ کا امتحانی مواد لوں، براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کو پلٹ کر رکھ دیں (یا اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو صفحہ نمبر 16 کھول لیں) اور چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈ A میں FORM CODE(فارم کوڈ) پُر کیا ہے۔ یہ FORM CODE(فارم کوڈ) آپ کے امتحان کی سکورنگ کیلئے درکار ہے۔

چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈز B اور C بھی مکمل کر لی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی بھی فیلڈ مکمل کرنے میں مدد درکار ہے تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

**بغیر Essay کے SAT لینے والے طلبا کیلئے امتحان ختم ہو چکا ہے۔** **امتحان ختم ہونے کے بعد پر جائیں** **اور بقیہ ہدایات پڑھیں۔**

**Essay کے ساتھ SAT لینے والے طلبا اس کے بعد آنے والے وقفے کے ساتھ جاری رکھیں۔**

## 3.1.1 سیکشن نمبر 4 امتحانی کتاب کی ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتاب کے سیکشن نمبر 4 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

---

**55 منٹ، 38 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 پر جائیں۔**


**ہدایات**

**سوالات 1-30 کیلئے**، ہر مسئلے کو حل کریں، فراہم کردہ انتخابات سے بہترین جواب منتخب کریں اور اپنی جوابی شیٹ میں مماثل بلبلے کو بھریں۔ **سوالات 31-38 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ براہ کرم سوال نمبر 31 سے پہلے گرڈ میں اپنے جوابات درج کرنے کے حوالے سے ہدایات سے رجوع کریں۔ آپ فالتو کام کیلئے اپنے امتحانی کتابچہ میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹس**

1. کیلکولیٹر کے استعمال کی **اجازت ہے**۔
2. استعمال کردہ سبھی متغیرات اور علامات ریاضی حقیقی اعداد کو ظاہر کرتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ تصاویر پیمانے کے لحاظ سے بنائی گئی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
4. سبھی تصاویر ایک ہی سطح پر ہوتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
5. جب تک کہ اس کے برعکس نشاندہی نہ کی گئی ہو، دیے گئے فنکشن *f* کی ڈومین سبھی حقیقی اعداد *x* پر سیٹ ہے جس کیلئے *f*(*x*) حقیقی عدد ہے۔

**حوالہ**




دائرے کے اندر خم کے زاویے کا عدد 360 ہے۔
دائرے کے اندر خم کے قطر کا عدد 2π ہے۔
مثلث کے زاویوں کی ڈگری کی پیمائش کی جمع 180 ہے۔

**ہدایات**

**سوالات 31-38 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب حسب ذیل بیان کردہ طریقے کے مطابق درج کریں۔


1. اگرچہ لازمی نہیں ہے تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا جواب کالمز کے ٹاپ پر باکسز میں لکھیں تاکہ بلبلے بالکل درست طور پر بھرنے میں سہولت ہو۔ آپ کو کریڈٹ صرف اس صورت میں ملے گا جب بلبلے درست طور پر بھرے ہوئے ہوں گے۔

2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد بلبلہ کو نشان زد نہ کریں۔

3. کسی سوال کا جواب منفی میں نہیں ہے۔

4. کچھ مسائل کے ایک سے زائد درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، صرف ایک ہی جواب گرڈ میں درج کریں۔


5. **مخلوط اعداد** جیسے کہ $3\frac{1}{2}$ کو 3.5 یا 7/2 کے طور پر گرڈ میں درج کرنا چاہیئے۔ (اگر




کو گرڈ میں درج کیا جاتا ہے تو اسے $\frac{31}{2}$ سمجھا جائے گا نہ کہ $3\frac{1}{2}$۔)

6. **اعشاریہ والے جوابات:** اگر آپ کو اعشاریہ والا ایسا جواب ملتا ہے جس میں گرڈ کی گنجائش سے زیادہ ہندسے ہیں تو اسے راؤنڈ یا مختصر کیا جا سکتا ہے تاہم اسے پوری گرڈ کے اندر مکمل طور پر آنا چاہیئے۔


**جواب:** $\frac{7}{12}$ **جواب:** 2.5




$\frac{2}{3}$ **کو گرڈ کرنے کے قابل قبول طریقے یہ ہیں:**



**جواب: 201 – دونوں مقامات درست ہیں**



**نوٹ:**
یُمکنك آپ کسی بھی کالم میں اپنے جوابات شروع کر سکتے ہیں جہاں جگہ اجازت دے۔ آپ جو کالم استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں انہیں خالی چھوڑ دینا چاہیئے۔

---

## 3.1.2 سیکشنز کے بیچ وقفہ

*امتحانی کتابیں لینے اور گننے کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم اپنا کیلکولیٹر ڈیسک کے نیچے رکھ دیں۔ اب ہم تھکن اتارنے کیلئے 2 منٹ کا وقفہ لیں گے۔ آپ کمرے سے باہر نہیں نکل سکتے نہ ہی امتحانی سوالات پر بات چیت کر سکتے ہیں۔

*وقفے کے اختتام پر، آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

## 3.2 Essay

*SAT Essay کیلئے معیاری وقت **50 منٹ** ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد Essay کی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اب میں آپ سب کو Essay کی ایک کتاب دوں گا۔ جب تک میں نہ کہوں اپنی Essay کی کتاب نہ کھولیں۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

جب آپ کو اپنی Essay کی کتاب ملے تو اسے پلٹ دیں اور اپنا اختتامی نام، پہلا نام اور اگر درمیانی نام ہو تو اسے درج کریں۔ پھر سکول کا کوڈ اور نام اور اس کمرہ امتحان کا کوڈ درج جو میں نے آپ کیلئے تحریر کیا ہے۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

اب اپنی جوابی شیٹ میں صفحہ نمبر 6 کھولیں۔ اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو صفحہ نمبر 30 کھولیں۔ اپنی Essay کی کتاب کے پچھلے حصے پر آپ کو مضمون کا کوڈ ملے گا۔ Essay کے کوڈ عین اسی طرح اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈ میں نقل کریں جس طرح یہ آپ کے Essay کی کتاب کے پچھلے حصے پر نظر آ رہا ہے اور مماثل بلبلہ بھریں۔ یہ فیلڈ درست طریقے سے پُر کی جانی چاہیئے ورنہ ممکن ہے کہ آپ کے مضمون کو سکور نہ دیا جائے۔

اپنی جوابی شیٹ میں یہ صفحہ کھول کر رکھیں اور مضمون کے استعمال کے حوالے سے بیان کو پڑھنے کیلئے کچھ وقت نکالیں، پھر فیصلہ کریں کہ آیا آپ بلبلے (یا مربع) کو نشان زد کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ جب آپ پڑھنا مکمل کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

*مندرجہ ذیل آپ کی جوابی شیٹ میں بیان کا ترجمہ ہے:*

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میرا مضمون (میرے نام کے بغیر) College Board کے مواد میں نقل کیا جا سکتا ہے۔ اگر میں اس بلبلے کو نشان زد کرتا/کرتی ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ میں سکور رپورٹ کرنے اور میری تحریر نگاری کی صلاحیتوں کی جانچ کے مقاصد کے علاوہ اپنے مضمون کو نقل کرنے کی اجازت نہیں دیتا/دیتی۔ اس بلبلے کو نشان زد کرنا میرے سکور کو متاثر نہیں کرے گا اور میرا مضمون اس کے باوجود ایسے کسی بھی کالج کیلئے دستیاب ہوگا جسے میں اپنے SAT سکورز بھیجوں گا/گی۔

*جب سبھی طلبا کو Essay کی کتاب مل جائے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب میں آپ کو کچھ ہدایات دینے والا ہوں جو یہ یقینی بنانے میں آپ کی مدد کریں گی کہ آپ کے مضمون کو درست طور پر سکور دیا جائے۔

- نوٹس لینے اور اپنے مضمون کی منصوبہ بندی کیلئے بے سطر منصوبہ بندی کا صفحہ استعمال کریں۔ بے سطر صفحے پر آپ جو کچھ بھی لکھیں گے اسے سکور نہیں دیا جائے گا۔
- جب آپ تیار ہوں تو پہلے سطر والے صفحے پر اپنا مضمون لکھنا شروع کریں جس پر لکھا ہے کہ "Begin Your Essay Here "('اپنا مضمون یہاں شروع کریں')۔ اپنا مضمون ان سطر والے صفحات اور نشان زدہ حاشیوں کے اندر لکھیں۔
- نمبر 2 پینسل استعمال کریں۔ اگر آپ کے پاس پینسل نہیں ہے یا اگر آپ صفحات خالی چھوڑنا چاہتے ہیں تو آپ کو Essay کیلئے صفر کا سکور ملے گا۔
- آپ کا مضمون فراہم کردہ صفحات کے اندر پورا آنا چاہیئے۔ سطر والے آخری صفحے پر موجود 'رک جائیں' کے الفاظ کے بعد کچھ نہ لکھیں کیونکہ اس کے آگے لکھی جانے والی کسی بھی چیز کی سکورنگ نہیں کی جائے گی۔

*Essay شروع کرنے کیلئے آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم Essay پر جائیں گے۔ ہمارے شروع کرنے کے بعد آپ کے پاس Essay کے سیکشن پر کام کرنے کیلئے 50 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔ اپنی جوابی شیٹ اور Essay کی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔

براہ کرم اپنے مضمون پر دستخط نہ کریں اور نہ ہی اس میں اپنا نام شامل کریں (جیسے کہ 'از قلم شاہد عادل')۔ ایسا کرنے سے آپ کے مضمون کو سکور دینے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

اب ہدایات پڑھیں، پھر Essay کے سوال پر جائیں اور کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*25 منٹ کا وقت گزر جانے کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس Essay کا سیکشن مکمل کرنے کیلئے 25 منٹ باقی ہیں۔

*45 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس Essay کا سیکشن مکمل کرنے کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 50 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی جوابی شیٹ اور Essay کی کتاب بند کر دیں۔ اپنی جوابی شیٹ کو سیدھا کر کے Essay کی کتاب کے ساتھ رکھ دیں۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

براہ کرم خاموشی سے بیٹھے رہیں جب تک کہ میں آپ کی Essay کی کتابیں لے رہا ہوں۔

### 3.2.1 Essay کی کتاب کیلئے ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی Essay کی کتاب کے سرورق پر موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

| ہدایات | یاد دہانیاں |
|---|---|
| مضمون آپ کو یہ دکھانے کا موقع دیتا ہے کہ آپ کتنے مؤثر انداز سے پیراگراف کو پڑھ کر اسے سمجھ سکتے ہیں اور پیراگراف کا تجزیہ کر کے مضمون لکھ سکتے ہیں۔ اپنے مضمون میں، آپ کو یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ آپ پیراگراف کو بغور پڑھ چکے ہیں، واضح اور منطقی تجزیہ فراہم کرنا چاہیئے نیز زبان کا بالکل درست استعمال کرنا چاہیئے۔<br><br>آپ کا مضمون جوابی کتابچہ میں فراہم کردہ سطروں پر لکھا جانا چاہیئے ماسوائے جوابی کتابچے کے منصوبہ بندی والے صفحے کے، آپ کو لکھنے کیلئے کوئی اور کاغذ نہیں ملے گا۔ اگر آپ ہر سطر پر لکھتے ہیں، چوڑے حاشیوں سے گریز کرتے ہیں اور اپنے طرز لکھائی کا سائز معقول رکھتے ہیں تو آپ کے پاس جگہ کافی ہوگی۔ یاد رکھیں کہ آپ کی تحریر وہ لوگ پڑھیں گے جو آپ کے طرز لکھائی سے واقف نہیں ہیں۔ اس طرح لکھنے یا پرنٹ کرنے کی کوشش کریں کہ آپ جو لکھ رہے ہیں وہ قارئین کیلئے پڑھنے لائق ہو۔<br><br>**آپ کے پاس پیراگراف پڑھنے کیلئے اور اس کتابچے کے اندر فراہم کردہ ترغیب کے جواب میں مضمون لکھنے کیلئے <u>50 منٹ</u> کا وقت ہوگا۔**<br><br>یہ امتحانی کتاب کمرے سے باہر نہیں لے جانی چاہیئے۔ اس امتحانی کتاب کے کسی بھی حصے کی غیر مجاز نقل یا استعمال ممنوع ہے۔ | • اس کتابچہ میں اپنا مضمون نہ لکھیں۔ صرف اسی کی جانچ کی جائے گی جو آپ اپنے جوابی کتابچہ کے سطر والے صفحات پر لکھتے ہیں۔<br>• موضوع سے ہٹ کر مضمون کی جانچ نہیں کی جائے گی۔ |

## 3.3 امتحان ختم ہونے کے بعد

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

مبارک ہو، آپ نے امتحان مکمل کر لیا ہے۔

اب یہ اہم معلومات سنیں۔ اگر آپ رخصت ہونے سے پہلے اپنے سکورز منسوخ کرنا چاہتے ہیں تو مجھ سے امتحانی سکورز منسوخ کرنے کی درخواست کا فارم طلب کریں جو آپ کو کمرے سے باہر نکلنے سے پہلے مکمل کرنا ہوگا۔ بعد میں اپنے سکورز منسوخ کرنے کیلئے، آپ کو تحریری صورت میں College Board کو مطلع کرنا ہوگا۔ آپ ای میل یا فون کال کے ذریعے اپنے سکورز منسوخ نہیں کر سکتے۔ رات بھر میں پہنچنے والی ڈاک یا فیکس کے ذریعے اپنی دستخط شدہ منسوخی کی درخواست آج سے لے کر چوتھے ایام ہفتہ (ویک ڈے) رات 11:59 بجے مشرقی وقت سے پہلے بھیجیں۔ آپ sat.org پر آن لائن فارم بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کے پاس اب بھی جوابی شیٹ میں پُر کرنے کیلئے غیر امتحانی معلومات ہیں بشمول ایسی کوئی بھی تبدیلی جو آپ فیلڈ نمبر 15 میں کرنا چاہتے ہوں جہاں آپ ان کالجز یا سکالرشپ پروگرامز کا انتخاب کر سکتے ہیں جنہیں آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے سکورز موصول ہوں تو براہ کرم اپنی جوابی شیٹ میں صفحہ نمبر 2 (یا بڑے بلاک والی شیٹ میں صفحہ نمبر 5) کھولیں۔ خاموشی سے بیٹھ جائیں اور جوابی شیٹ میں کچھ نہ لکھیں جب تک کہ میں دیگر طلبا کو برخاست کر رہا ہوں۔ چند منٹ کے بعد میں آپ کو جوابی شیٹس مکمل کرنے میں مدد کروں گا۔

## 3.4 جوابی شیٹس مکمل کرنا

اگر آپ نے اپنی جوابی شیٹ میں ذاتی معلومات مکمل کر لی ہیں تو اپنی جوابی شیٹ بند رکھیں۔ آپ کا نگران **جوابی شیٹ لینا** شروع کر دے گا اور آپ کی جوابی شیٹ آپ سے وصول کر لے گا۔ بصورت دیگر، خاموشی سے اپنی جگہ پر بیٹھے رہیں جب تک کہ دیگر طلبا کو برخاست کیا جا رہا ہے۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

میرے ہدایات پڑھنے کے ساتھ ساتھ *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایت* کے کتابچہ میں پڑھتے جائیں۔

*فیلڈ نمبر 10-14 کیلئے آپ کا نگران کہے گا:*

صفحہ نمبر 2 (یا بڑے بلاک والی جوابی شیٹ کا صفحہ نمبر 4) کھولیں اور اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈ نمبر 10 سے لے کر 13 تک اپنا پتہ درج کریں۔ فیلڈ نمبر 14 کو خالی چھوڑ دیں۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*فیلڈ نمبر 15 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اپنی جوابی شیٹ کے صفحہ نمبر 2 پر فیلڈ نمبر 15 دیکھیں (بڑے بلاک والی جوابی شیٹ کا صفحہ نمبر 5)۔ جب آپ SAT School Day کے تحت SAT دیتے ہیں تو آپ اپنے سکورز بغیر کسی معاوضے کے 4 کالجز یا سکالرشپ پروگرامز کو بھیجنے کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ سیکشن مکمل کرنا اختیاری ہے۔ کالجز اور یونیورسٹیاں ہمیشہ طلبا کے سکورز حاصل کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں چاہے آپ اپلائی کرنے کیلئے تیار نہ بھی ہوں۔

اپنی *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* کے کتابچہ میں سکور رپورٹنگ کوڈ کی فہرست دیکھیں۔ جن سکولز یا سکالرشپ پروگرامز کو آپ اپنے سکورز بھیجنا چاہتے ہیں ان کیلئے 4 ہندسوں والا نمبر تلاش کرنے کیلئے یہ فہرست استعمال کریں۔ امریکی کالجز اور یونیورسٹیز ریاست کو پہلی ترجیح دیتے ہوئے ابجدی ترتیب کے لحاظ سے مندرج ہیں۔ اس کے بعد امریکی ضلعوں میں ادارے اور پھر بین الاقوامی ادارے آتے ہیں۔ کتابچہ میں آخری فہرست ریاست یا ملک کے لحاظ سے ابجدی ترتیب میں سکالرشپ پروگرامز درج ہوئے دکھاتی ہے۔

ہر اس جگہ کیلئے جسے آپ سکورز بھیجنا چاہتے ہیں، 4 ہندسے باکسز میں نقل کریں اور مماثل بلبلے بھریں۔ (اگر آپ بڑے بلاک والی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو جتنے واضح طور پر آپ کیلئے ممکن ہو ہندسے درج کریں۔) اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو مجھے آگاہ کریں۔

مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*اب آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کے پاس اپنی جوابی شیٹ میں شامل کرنے کیلئے کیلئے دیگر کوئی معلومات نہ ہوں تو *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* اور اپنی جوابی شیٹ بند کر کے جوابی شیٹ کا سیدھا کر کے اپنی ڈیسک پر رکھ دیں۔ میں بقیہ جوابی شیٹ مکمل کرنا شروع کرنے میں دیگر طلبا کی مدد کروں گا اور ان کے کام کرنے کے دوران جس کا بھی کام مکمل ہو چکا ہے اسے برخاست کر دوں گا۔

*فیلڈ نمبر 16 کیلئے آپ کا نگران کہے گا:*

صفحہ نمبر 3 کھولیں (یا اگر آپ بڑے بلاک والی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو صفحہ نمبر 5 پر رہیں)۔ فیلڈ نمبر 16 پُر کرنے کیلئے اپنے کتابچے میں موجود ہدایات پر عمل کریں اور نشاندہی کریں کہ آیا آپ آپٹ ان کرنا چاہیں گے یا نہیں۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*فیلڈ نمبر 17 کیلئے آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ College Board کی جانب سے ای میل کے ذریعے معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، بشمول آن لائن دستیاب ہو جانے کے بعد آپ کے سکورز کے حوالے سے معلومات، تو اپنا ای میل پتہ لکھیں اور فیلڈ نمبر 17 میں مماثل بلبلے بھریں۔ اگر آپ بڑے بلاک والی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو یہ صفحہ نمبر 6 پر موجود ہے۔ فیلڈ کے اوپر نشاندہی کریں کہ آیا یہ آپ کا اپنا ای میل پتہ ہے یا پھر والدین یا سرپرست کا پتہ ہے۔ اگر آپ اپنا ای میل پتہ فراہم کرتے ہیں اور آپ نے فیلڈ نمبر 16 میں طلبا کی تحقیقی سروس میں آپٹ ان کیا ہے تو آپ کو اپنے ای میل پتے پر کالجز کی جانب سے معلومات بھی مل سکتی ہیں۔

*فیلڈ نمبر 18 کیلئے سبھی طلباء سے آپ کا نگران کہے گا:*

فیلڈ نمبر 18 آپ کا امریکی موبائل نمبر طلب کرتی ہے۔ صرف امریکی موبائل نمبرز قابل قبول ہیں۔ یہ فیلڈ اختیاری ہے۔ اگر آپ اپنی جوابی شیٹ میں درج شرائط سے متفق ہیں تو اپنا فون نمبر درج کریں۔ مکمل کرنے کے بعد براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

*جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم بقیہ غیر امتحانی سوالات مکمل کریں گے جو آپ کے بارے میں، آپ کے تعلیمی پس منظر، تجربات اور سرگرمیوں و دلچسپیوں کے بارے میں مزید معلومات طلب کرتے ہیں۔

آپ اپنے طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات کے کتابچے میں یہ اختیاری معلومات فراہم کرنے کے فوائد سے متعلق پڑھ سکتے ہیں۔ آپ کیلئے یہ جاننا اہم ہے کہ College Board اس معلومات کو استعمال کر پائے گا اور اضافی استعمال، جیسے کہ تحقیق کیلئے دوسروں کو فراہم کر پائے گا۔

یہ فیلڈز اختیاری ہیں۔ اگر آپ کے والدین یا سرپرست نے آپ سے کہا ہے کہ آپ کو کوئی اختیاری یا رضاکارانہ معلومات پُر نہیں کرنی چاہئیں تو براہ کرم خاموشی سے بیٹھے رہیں جب تک کہ ہم یہ سرگرمی مکمل کر رہے ہیں۔ ایسی کوئی بھی فیلڈ پُر نہ کریں جو ایسی معلومات طلب کرتی ہے جسے فراہم کرنے سے آپ کے والدین یا سرپرست نے آپ کو منع کیا ہے۔

ان فیلڈز کو مکمل کرنے کے طریقے کے حوالے سے معلومات آپ کے *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* کے کتابچے میں صفحہ نمبر 2 سے شروع ہو رہی ہیں۔ فیلڈ نمبر 19 سے لے کر 22 تک پُر کرنے کیلئے ہدایات پر عمل کریں۔ اس کے بعد اپنی جوابی شیٹ کے پچھلے کور کا اندرونی حصہ (یا اپنی بڑے بلاک والی جوابی شیٹ کا صفحہ نمبر 8) کھول کر فیلڈ نمبر 23 تا 39 پُر کریں۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

مکمل کرنے کے بعد، اپنی *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* کا کتابچہ بند کر کے اسے اپنی جوابی شیٹ کے ساتھ ڈیسک پر رکھ دیں۔ براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کو ڈیسک پر سیدھا کر رکے رکھ دیں۔ براہ کرم خاموشی سے دوسروں کے مکمل کرنے کا انتظار کریں۔

## 3.5 جوابی شیٹ لینا

*جو طلبا برخاست کیے جانے کیلئے تیار ہیں ان سے آپ کا نگران کہے گا:*

یاد رکھیں، کسی بھی حال میں آپ کو کوئی بھی امتحانی سوال کمرہ امتحان سے باہر نہیں لے جانا چاہیئے، کسی اور کو نہیں دینا چاہیئے یا کسی بھی ذریعے بشمول ای میل، متنی پیغامات یا انٹرنیٹ سے آپ کو کسی کے ساتھ ان پر بات چیت نہیں کرنی چاہیئے۔

*جن طلبا نے SAT Essay مکمل کیا ہے ان سے آپ کا نگران کہے گا:*

اس کے علاوہ، آپ کو سکورز ریلیز ہونے تک آج کے Essay کے سوال پر بات چیت کرنے یا اس کا اشتراک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

*آپ کا نگران طلبا کو یہ کہ کر ایسے کسی فعل کے نتائج کی یاد دہانی کروائے گا:*

جیسا کہ میں نے آغاز میں کہا تھا، اگر کوئی شخص امتحانی سیکورٹی کے حوالے سے ان میں سے کسی بھی پالیسی کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کا سکور منسوخ ہو سکتا ہے اور اسے آئندہ کوئی بھی اور College Board کا امتحان دینے سے روکا جا سکتا ہے۔

**آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔**

*(A) اگر طلبا کو اپنا ذاتی سامان واپس حاصل کرنا ہو تو آپ کا نگران کہے گا:*

اس امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ رخصت ہونے کی تیاری کرتے ہوئے براہ کرم آ کر اپنا وہ ذاتی سامان واپس حاصل کر لیں جو میں نے پہلے آپ سے لیا تھا۔ اپنا سبھی ذاتی سامان واپس حاصل کر لینے کے بعد آپ کمرے سے خاموشی کے ساتھ باہر نکل سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔

*(B) اگر طلبا کے پاس اپنا سبھی ذاتی سامان موجود ہے تو نگران کہے گا:*

امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ اپنا ذاتی سامان حاصل کر لیں اور خاموشی کے ساتھ کمرے سے باہر نکل جائیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔

# 4 مخلوط کمرے کیلئے SAT کا معیاری اسکرپٹ: ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر اور SAT Essay

## 4.1 سیکشن نمبر 4: ریاضی کا امتحان – کیلکولیٹر

*سیکشن نمبر 4 کیلئے معیاری وقت **55 منٹ** ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد امتحانی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*جب سب تیار ہوں تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم سیکشن نمبر 4، کیلکولیٹر کے ساتھ ریاضی کے امتحان پر جائیں گے۔ ہمارے آغاز کرنے کے بعد آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 پر کام کرنے کیلئے 55 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور سیکشن کا اختتام ہونے میں 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔

اگرچہ آپ کو اس سیکشن کیلئے کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت ہے تاہم سبھی سوالات کا جواب کیلکولیٹر کے بغیر بھی دیا جا سکتا ہے۔

کیلکولیٹر استعمال کرتے وقت، رہنما خطوط پر عمل کریں:

- اسے اپنی ڈیسک پر چپٹی پوزیشن میں رکھیں یا اس طرح پکڑیں کہ دیگر طلبا آپ کا کام نہ دیکھ سکیں۔
- اپنے کیلکولیٹر کا اشتراک یا تبادلہ نہ کریں۔
- اگر آپ بیک اپ کیلکولیٹر یا بیٹریاں لائے ہیں تو انہیں اپنی ڈیسک کے نیچے فرش پر رکھیں۔
- اگر آپ کا کیلکولیٹر خراب ہو جاتا ہے اور آپ کے پاس بیٹریاں یا بیک اپ کیلکولیٹر ہے تو اپنا ہاتھ اٹھائیں۔ میں دیکھوں گا کہ آیا آپ کا متبادل قابل قبول ہے۔ اگر آپ کے پاس بیک اپ نہیں ہے تو اپنا امتحان جاری رکھیں۔

اپنی امتحانی کتاب کھولیں، جوابی شیٹ نکالیں اور سیکشن نمبر 4 دیکھیں۔ جب تک میں نہ کہوں کام کرنا شروع مت کریں۔ اپنی جوابی شیٹ اور امتحانی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔ جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 میں اپنے جوابات نشان زد کرنا یقینی بنائیں اور چیک کر لیں کہ آپ کے جوابات ہر نمبر شدہ سوال کیلئے درست جگہ میں ہیں۔ کچھ سوالات 'طلبا کے تیار کردہ جوابات' (Produced Responses-Student) ہیں۔ ان کو بالکل اسی طرح پُر کریں جس طرح آخری سیکشن کو کیا تھا۔ جوابات پُر کرنے کی ہدایات آپ کی امتحانی کتاب میں ہیں۔ آپ کو اپنا جواب ریکارڈ کرنے کیلئے کبھی بھی 4 سے زیادہ جگہوں کی ضرورت نہیں ہوگی اگرچہ ممکن ہے کہ کچھ جوابات چاروں جگہیں استعمال نہ کریں۔

اگر آپ وقت ختم ہونے کا اعلان کیے جانے سے پہلے مکمل کر لیتے ہیں تو آپ اس سیکشن میں اپنا کام چیک کر سکتے ہیں تاہم کسی اور سیکشن پر نہیں جا سکتے۔

اب اپنی امتحانی کتاب میں سیکشن نمبر 4 کھولیں، ہدایات پڑھیں اور کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*25 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 30 منٹ باقی ہیں۔

*50 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس سیکشن نمبر 4 کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 55 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی امتحانی کتاب اور جوابی شیٹ بند کریں۔ اپنی امتحانی کتاب جوابی شیٹ کے ساتھ رکھیں۔

*اب آپ کا نگران کہے گا:*

اس سے پہلے کہ میں آپ کا امتحانی مواد لوں، براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کو پلٹ کر رکھ دیں (یا اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو صفحہ نمبر 16 کھول لیں) اور چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈ A میں FORM CODE(فارم کوڈ) پُر کیا ہے۔ یہ FORM CODE(فارم کوڈ) آپ کے امتحان کی سکورنگ کیلئے درکار ہے۔

چیک کر لیں کہ آپ نے فیلڈز B تا D بھی مکمل کر لی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی بھی فیلڈ مکمل کرنے میں مدد درکار ہے تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*امتحانی کتابیں لینے اور گننے کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ Essay دے رہے ہیں تو براہ کرم اپنا کیلکولیٹر اپنی ڈیسک کے نیچے رکھ دیں اور اپنی جوابی شیٹ کو ڈیسک پر الٹا کر کے رکھ دیں۔ جب تک میں ہدایات دے رہا ہوں اور ان طلبا سے مواد اکٹھا کر رہا ہوں جو امتحان دینا ختم کر چکے ہیں، آپ آرام کیلئے مختصر وقفہ لے سکتے ہیں۔ براہ کرم اجازت کے بغیر بات نہ کریں اور نہ ہی کمرے سے رخصت ہوں۔

*جو طلبا Essay کے بغیر SAT دے رہے ہیں ان سے آپ کا نگران کہے گا:*

آپ میں سے جو لوگ Essay نہیں دے رہے ہیں انہیں مبارک ہو، ان کا امتحان مکمل ہو چکا ہے۔ براہ کرم اپنی جوابی شیٹ کو ڈیسک پر سیدھا کر کے رکھیں تاکہ میں اکٹھا کرتے ہوئے اسے چیک کر سکوں۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اب یہ اہم معلومات سنیں۔ اگر آپ رخصت ہونے سے پہلے اپنے سکورز منسوخ کرنا چاہتے ہیں تو مجھ سے امتحانی سکورز منسوخ کرنے کی درخواست کا فارم طلب کریں جو آپ کو کمرے سے باہر نکلنے سے پہلے مکمل کرنا ہوگا۔ بعد میں اپنے سکورز منسوخ کرنے کیلئے، آپ کو تحریری صورت میں College Board کو مطلع کرنا ہوگا۔ آپ ای میل پیغام یا فون کال کے ذریعے اپنے سکورز منسوخ نہیں کر سکتے۔ رات بھر میں پہنچنے والی ڈاک یا فیکس کے ذریعے اپنی منسوخی کی درخواست آج سے لے کر چوتھے ایام ہفتہ (ویک ڈے) رات 11:59 بجے مشرقی وقت سے پہلے بھیجیں۔ آپ sat.org پر آن لائن فارم بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈ نمبر 15 میں تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں جہاں آپ وہ کالجز اور سکالرشپ پروگرامز منتخب کرتے ہیں جنہیں آپ اپنے سکورز بھیجنا چاہتے ہیں تو براہ کرم اپنا ہاتھ اٹھائیں۔

*مندرجہ ذیل آپ کی امتحانی کتابچے کے سیکشن نمبر 4 کے آغاز میں موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

**55 منٹ، 38 سوالات (معیاری وقت)**

**اس سیکشن میں موجود سوالات کا جواب دینے کیلئے اپنی جوابی شیٹ کے سیکشن نمبر 4 پر جائیں۔**


**ہدایات**

**سوالات 1-30 کیلئے**، ہر مسئلے کو حل کریں، فراہم کردہ انتخابات سے بہترین جواب منتخب کریں اور اپنی جوابی شیٹ میں مماثل بلبلے کو بھریں۔ **سوالات 31-38 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب درج کریں۔ براہ کرم سوال نمبر 31 سے پہلے گرڈ میں اپنے جوابات درج کرنے کے حوالے سے ہدایات سے رجوع کریں۔ آپ فالتو کام کیلئے اپنے امتحانی کتابچہ میں دستیاب کوئی بھی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹس**

1. کیلکولیٹر کے استعمال کی **اجازت ہے**۔
2. استعمال کردہ سبھی متغیرات اور علامات ریاضی حقیقی اعداد کو ظاہر کرتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
3. اس امتحان میں فراہم کردہ تصاویر پیمانے کے لحاظ سے بنائی گئی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
4. سبھی تصاویر ایک ہی سطح پر ہوتی ہیں الّا یہ کہ اس کے برعکس نشاندہی کی گئی ہو۔
5. جب تک کہ اس کے برعکس نشاندہی نہ کی گئی ہو، دیے گئے فنکشن $f$ کی ڈومین سبھی حقیقی اعداد $x$ پر سیٹ ہے جس کیلئے $f(x)$ حقیقی عدد ہے۔


**حوالہ**





دائرے کے اندر خم کے زاویے کا عدد 360 ہے۔
دائرے کے اندر خم کے قطر کا عدد 2π ہے۔
مثلث کے زاویوں کی ڈگری کی پیمائش کی جمع 180 ہے۔


**ہدایات**

**سوالات 31-38 کیلئے**، مسئلے کو حل کریں اور جوابی شیٹ پر گرڈ میں اپنا جواب حسب ذیل بیان کردہ طریقے کے مطابق درج کریں۔


1. اگرچہ لازمی نہیں ہے تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا جواب کالمز کے ٹاپ پر باکسز میں لکھیں تاکہ بلبلے بالکل درست طور پر بھرنے میں سہولت ہو۔ آپ کو کریڈٹ صرف اس صورت میں ملے گا جب بلبلے درست طور پر بھرے ہوئے ہوں گے۔
2. کسی بھی کالم میں ایک سے زائد بلبلہ کو نشان زد نہ کریں۔
3. کسی سوال کا جواب منفی میں نہیں ہے۔
4. کچھ مسائل کے ایک سے زائد درست جوابات ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتوں میں، صرف ایک ہی جواب گرڈ میں درج کریں۔
5. **مخلوط اعداد** جیسے کہ $3\frac{1}{2}$ کو 3.5 یا 7/2 کے طور پر گرڈ میں درج کرنا چاہیئے۔ (اگر  کو گرڈ میں درج کیا جاتا ہے تو اسے $\frac{31}{2}$ سمجھا جائے گا نہ کہ $3\frac{1}{2}$ ۔)
6. **اعشاریہ والے جوابات:** اگر آپ کو اعشاریہ والا ایسا جواب ملتا ہے جس میں گرڈ کی گنجائش سے زیادہ ہندسے ہیں تو اسے راؤنڈ یا مختصر کیا جا سکتا ہے تاہم اسے پوری گرڈ کے اندر مکمل طور پر آنا چاہیئے۔




**$\frac{2}{3}$ کو گرڈ کرنے کے قابل قبول طریقے یہ ہیں:**



**جواب: 201 – دونوں مقامات درست ہیں**



**نوٹ:** مُمکنک آپ کسی بھی کالم میں اپنے جوابات شروع کر سکتے ہیں جہاں جگہ اجازت دے۔ آپ جو کالم استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں انہیں خالی چھوڑ دینا چاہیئے۔

## 4.2 سکور رپورٹنگ کی فیلڈ پُر کرنا

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے سکورز کن کالجز اور سکالرشپ پروگرامز کو موصول ہوں گے ان میں تبدیلیاں کرنے کیلئے، اپنی جوابی شیٹ میں صفحہ نمبر 2 (یا بڑے بلاک والی جوابی شیٹ میں صفحہ نمبر 5) کھولیں۔ اگر آپ کوئی تبدیلی نہیں کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم خاموشی سے بیٹھے رہیں اور اپنی جوابی شیٹ کو بند چھوڑ دیں۔

*فیلڈ نمبر 15 کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اپنی جوابی شیٹ کے صفحہ نمبر 2 پر فیلڈ نمبر 15 دیکھیں (بڑے بلاک والی جوابی شیٹ کا صفحہ نمبر 5)۔ جب آپ SAT School Day کے تحت SAT دیتے ہیں تو آپ اپنے سکورز بغیر کسی معاوضے کے 4 کالجز یا سکالرشپ پروگرامز کو بھیجنے کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ سیکشن مکمل کرنا اختیاری ہے۔ کالجز اور یونیورسٹیاں ہمیشہ طلبا کے سکورز حاصل کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں چاہے آپ اپلائی کرنے کیلئے تیار نہ بھی ہوں۔

اپنی *طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* میں سکور رپورٹنگ کوڈ کی فہرست دیکھیں۔ جن سکولز یا سکالرشپ پروگرامز کو آپ اپنے سکورز بھیجنا چاہتے ہیں ان کیلئے 4 ہندسوں والا نمبر تلاش کرنے کیلئے یہ فہرست استعمال کریں۔ امریکی کالجز اور یونیورسٹیز ریاست کو پہلی ترجیح دیتے ہوئے ابجدی ترتیب کے لحاظ سے مندرج ہیں۔ اس کے بعد امریکی ضلعوں میں ادارے اور پھر بین الاقوامی ادارے آتے ہیں۔ کتابچہ میں آخری فہرست ریاست یا ملک کے لحاظ سے ابجدی ترتیب میں سکالرشپ پروگرامز درج ہوئے دکھاتی ہے۔

ہر اس جگہ کیلئے جس کو آپ سکورز بھیجنا چاہتے ہیں، 4 ہندسے باکسز میں نقل کریں اور مماثل بلبلے بھریں (اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو جتنا واضح طور پر آپ کیلئے ممکن ہو، ہندسے درج کریں)۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو مجھے آگاہ کریں۔

مکمل کرنے کے بعد سامنے کی طرف دیکھیں۔

*اب آپ کا نگران کہے گا:*

*طلبا کی جوابی شیٹ کی ہدایات* اور اپنی جوابی شیٹ بند کر دیں۔ اگر آپ Essay دے رہے ہیں تو یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنی شیٹ کو ڈیسک پر الٹا کر کے رکھا ہوا ہے۔ اگر آپ امتحان مکمل کر چکے ہیں تو اپنی جوابی سیٹ کو سیدھا کر کے رکھیں تاکہ میں اسے آپ سے لیتے ہوئے چیک کر سکوں۔

## 4.3 جوابی شیٹ لینا

**اگر آپ Essay دے رہے ہیں تو خاموشی سے بیٹھے رہیں جب تک نگران رخصت ہونے والے طلبا کیلئے یہ ہدایات پڑھ رہا ہے۔**

*جو طلبا برخاست کیے جانے کیلئے تیار ہیں ان سے آپ کا نگران کہے گا:*

یاد رکھیں، کسی بھی حال میں آپ کو کوئی بھی امتحانی سوال کمرہ امتحان سے باہر نہیں لے جانا چاہیئے، کسی اور کو نہیں دینا چاہیئے یا کسی بھی ذریعے بشمول ای میل، متنی پیغامات یا انٹرنیٹ سے آپ کو کسی کے ساتھ ان پر بات چیت نہیں کرنی چاہیئے۔ جیسا کہ میں نے آغاز میں کہا تھا، اگر کوئی شخص امتحانی سیکورٹی کے حوالے سے ان میں سے کسی بھی پالیسی کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کا سکور منسوخ ہو سکتا ہے اور اسے آئندہ کوئی بھی اور College Board کا امتحان دینے سے روکا جا سکتا ہے۔

**آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔**

*(A) اگر طلبا کو اپنا ذاتی سامان واپس حاصل کرنا ہو تو آپ کا نگران کہے گا:*

اس امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ رخصت ہونے کی تیاری کرتے ہوئے براہ کرم آ کر اپنا وہ ذاتی سامان واپس حاصل کر لیں جو میں نے پہلے آپ سے لیا تھا۔ اپنا سبھی ذاتی سامان واپس حاصل کر لینے کے بعد آپ کمرے سے خاموشی کے ساتھ باہر نکل سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔

*(B) اگر طلبا کے پاس اپنا سبھی ذاتی سامان موجود ہے تو نگران کہے گا:*

امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ اپنا ذاتی سامان حاصل کر لیں اور خاموشی کے ساتھ کمرے سے باہر نکل جائیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔

## 4.4 Essay

*SAT Essay کیلئے معیاری وقت **50 منٹ** ہے۔ اگر آپ منظور شدہ گنجائش کے ساتھ امتحان دے رہے ہیں تو آپ کے اوقات اور وقفے مختلف ہو سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے نگران کی جانب سے پڑھے جانے والے اعلانات کو دھیان سے سنیں۔ ترجمہ شدہ زبانی ہدایات کے بعد Essay کی کتاب کی ہدایات کا ترجمہ ظاہر ہوتا ہے۔*

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

اب میں آپ سب کو Essay کی ایک کتاب دوں گا۔ جب تک میں نہ کہوں اپنی Essay کی کتاب نہ کھولیں۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

جب آپ کو اپنی Essay کی کتاب ملے تو اسے پلٹ دیں اور اپنا اختتامی نام، پہلا نام اور اگر درمیانی نام ہو تو اسے درج کریں۔ پھر سکول کا کوڈ اور نام اور اس کمرہ امتحان کا کوڈ درج جو میں نے آپ کیلئے تحریر کیا ہے۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

اب اپنی جوابی شیٹ میں صفحہ نمبر 6 کھولیں۔ اگر آپ بڑے بلاک والی جوابی شیٹ استعمال کر رہے ہیں تو صفحہ نمبر 30 کھولیں۔ اپنی Essay کی کتاب کے پچھلے حصے پر آپ کو مضمون کا کوڈ ملے گا۔ Essay کے کوڈ عین اسی طرح اپنی جوابی شیٹ کی فیلڈ میں نقل کریں جس طرح یہ آپ کے Essay کی کتاب کے پچھلے حصے پر نظر آ رہا ہے اور مماثل بلبلہ بھریں۔ یہ فیلڈ درست طریقے سے پُر کی جانی چاہیئے ورنہ ممکن ہے کہ آپ کے مضمون کو سکور نہ دیا جائے۔

اپنی جوابی شیٹ میں یہ صفحہ کھول کر رکھیں اور مضمون کے استعمال کے حوالے سے بیان کو پڑھنے کیلئے کچھ وقت نکالیں، پھر فیصلہ کریں کہ آیا آپ بلبلے (یا مربع) کو نشان زد کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ جب آپ پڑھنا مکمل کر لیں تو براہ کرم سامنے کی طرف دیکھیں۔

**مندرجہ ذیل آپ کی جوابی شیٹ میں بیان کا ترجمہ ہے:**

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میرا مضمون (میرے نام کے بغیر) College Board کے مواد میں نقل کیا جا سکتا ہے۔ اگر میں اس بلبلے کو نشان زد کرتا/کرتی ہوں تو اس کا مطلب ہے کہ میں سکور رپورٹ کرنے اور میری تحریر نگاری کی صلاحیتوں کی جانچ کے مقاصد کے علاوہ اپنے مضمون کو نقل کرنے کی اجازت نہیں دیتا/دیتی۔ اس بلبلے کو نشان زد کرنا میرے سکور کو متاثر نہیں کرے گا اور میرا مضمون اس کے باوجود ایسے کسی بھی کالج کیلئے دستیاب ہوگا جسے میں اپنے SAT سکورز بھیجوں گا/گی۔

*جب سبھی طلبا کو Essay کی کتاب مل جائے تو آپ کا نگران کہے گا:*

اب میں آپ کو کچھ نکات بتانے والا ہوں جو یہ یقینی بنانے میں آپ کی مدد کریں گی کہ آپ کے مضمون کو درست طور پر سکور دیا جائے۔

- نوٹس لینے اور اپنے مضمون کی منصوبہ بندی کیلئے بے سطر منصوبہ بندی کا صفحہ استعمال کریں۔ بے سطر منصوبہ بندی والے صفحے پر آپ جو کچھ بھی لکھیں گے اسے سکور نہیں دیا جائے گا۔

- جب آپ تیار ہوں تو پہلے سطر والے صفحے پر اپنا مضمون لکھنا شروع کریں جس پر لکھا ہے کہ "Begin Your Essay Here" ('اپنا مضمون یہاں شروع کریں')۔ اپنا مضمون ان سطر والے صفحات اور نشان زدہ حاشیوں کے اندر لکھیں۔
- نمبر 2 پینسل استعمال کریں۔ اگر آپ کے پاس پینسل نہیں ہے یا اگر آپ صفحات خالی چھوڑنا چاہتے ہیں تو آپ کو Essay کیلئے صفر کا سکور ملے گا۔
- آپ کا مضمون فراہم کردہ صفحات کے اندر پورا آنا چاہیئے۔ سطر والے آخری صفحے پر موجود 'رک جائیں' کے الفاظ کے بعد کچھ نہ لکھیں کیونکہ اس کے آگے لکھی جانے والی کسی بھی چیز کی سکورنگ نہیں کی جائے گی۔

*اس کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

اب ہم Essay پر جائیں گے۔ ہمارے شروع کرنے کے بعد آپ کے پاس Sat Essay پر کام کرنے کیلئے 50 منٹ ہوں گے۔ میں آغاز اور رکنے کے اوقات تحریر کروں گا اور سیکشن میں تقریباً آدھا وقت گزر جانے اور 5 منٹ باقی رہ جانے پر آپ کو آگاہ کروں گا۔ اپنی جوابی شیٹ اور Essay کی کتاب کو اپنی ڈیسک کے وسط میں چپٹا کر کے رکھیں۔

براہ کرم اپنے مضمون پر دستخط نہ کریں اور نہ ہی اس میں اپنا نام شامل کریں (مثلاً 'از قلم شاہد عادل')۔ ایسا کرنے سے آپ کے مضمون کو سکور دینے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

اپنی Essay کی کتاب کے سرورق پر موجود ہدایات پڑھیں اور پھر Essay کی کتاب کھول کر کام کرنا شروع کریں۔ وقت شروع ہوتا ہے اب۔

*25 منٹ کا وقت گزر جانے کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس Essay کا سیکشن مکمل کرنے کیلئے 25 منٹ باقی ہیں۔

*45 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

آپ کے پاس Essay کا سیکشن مکمل کرنے کیلئے 5 منٹ باقی ہیں۔

*عین 50 منٹ کے بعد آپ کا نگران کہے گا:*

کام کرنا روک دیں اور اپنی پینسل نیچے رکھ دیں۔ اپنی جوابی شیٹ اور Essay کی کتاب بند کر دیں۔ اپنی جوابی شیٹ کو Essay کی کتاب کے ساتھ رکھ دیں۔

*سبھی طلبا کیلئے، آپ کا نگران کہے گا:*

مبارک ہو، آپ نے امتحان مکمل کر لیا ہے۔ براہ کرم خاموشی سے بیٹھے رہیں جب تک کہ میں آپ کا امتحانی مواد اکٹھا کر رہا ہوں۔

### 4.4.1 Essay کی کتاب کیلئے ہدایات

*مندرجہ ذیل آپ کی Essay کی کتاب کے سرورق پر موجود ہدایات کا ترجمہ ہے۔*

| ہدایات | یاد دہانیاں |
|---|---|
| مضمون آپ کو یہ دکھانے کا موقع دیتا ہے کہ آپ کتنے مؤثر انداز سے پیراگراف کو پڑھ کر اسے سمجھ سکتے ہیں اور پیراگراف کا تجزیہ کر کے مضمون لکھ سکتے ہیں۔ اپنے مضمون میں، آپ کو یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ آپ پیراگراف کو بغور پڑھ چکے ہیں، واضح اور منطقی تجزیہ فراہم کرنا چاہیئے نیز زبان کا بالکل درست استعمال کرنا چاہیئے۔<br><br>آپ کا مضمون جوابی کتابچہ میں فراہم کردہ سطروں پر لکھا جانا چاہیئے ماسوائے جوابی کتابچے کے منصوبہ بندی والے صفحے کے، آپ کو لکھنے کیلئے کوئی اور کاغذ نہیں ملے گا۔ اگر آپ ہر سطر پر لکھتے ہیں، چوڑے حاشیوں سے گریز کرتے ہیں اور اپنے طرز لکھائی کا سائز معقول رکھتے ہیں تو آپ کے پاس جگہ کافی ہوگی۔ یاد رکھیں کہ آپ کی تحریر وہ لوگ پڑھیں گے جو آپ کے طرز لکھائی سے واقف نہیں ہیں۔ اس طرح لکھنے یا پرنٹ کرنے کی کوشش کریں کہ آپ جو لکھ رہے ہیں وہ قارئین کیلئے پڑھنے لائق ہو۔<br><br>**آپ کے پاس پیراگراف پڑھنے کیلئے اور اس کتابچے کے اندر فراہم کردہ ترغیب کے جواب میں مضمون لکھنے کیلئے <u>50 منٹ</u> کا وقت ہوگا۔**<br><br>یہ امتحانی کتاب کمرے سے باہر نہیں لے جانی چاہیئے۔ اس امتحانی کتاب کے کسی بھی حصے کی غیر مجاز نقل یا استعمال ممنوع ہے۔ | • اس کتابچہ میں اپنا مضمون نہ لکھیں۔ صرف اسی کی جانچ کی جائے گی جو آپ اپنے جوابی کتابچہ کے سطر والے صفحات پر لکھتے ہیں۔<br>• موضوع سے ہٹ کر مضمون کی جانچ نہیں کی جائے گی۔ |

## 4.5 طلبا کو برخاست کرنے سے پہلے

*جب سبھی مواد کا شمار ہو جائے گا تو آپ کا نگران کہے گا:*

یاد رکھیں، کسی بھی حال میں آپ کو کوئی بھی امتحانی سوال کمرہ امتحان سے باہر نہیں لے جانا چاہیئے، کسی اور کو نہیں دینا چاہیئے یا کسی بھی ذریعے بشمول ای میل، متنی پیغامات یا انٹرنیٹ سے آپ کو کسی کے ساتھ ان پر بات چیت نہیں کرنی چاہیئے۔

*جن طلبا نے Essay مکمل کیا ہے ان سے آپ کا نگران کہے گا:*

اس کے علاوہ، آپ کو Essay کے آن لائن دستیاب ہونے تک آج کے Essay کے سوال پر بات چیت کرنے یا اس کا اشتراک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**آپ کا نگران صرف ایک اختیار پڑھے گا، اسکرپٹ A یا B، جو بھی موزوں ہو۔**

*(A) اگر طلبا کو اپنا ذاتی سامان واپس حاصل کرنا ہو تو آپ کا نگران کہے گا:*

اس امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ رخصت ہونے کی تیاری کرتے ہوئے براہ کرم آ کر اپنا وہ ذاتی سامان واپس حاصل کر لیں جو میں نے پہلے آپ سے لیا تھا۔ اپنا سبھی ذاتی سامان واپس حاصل کر لینے کے بعد آپ کمرے سے خاموشی کے ساتھ باہر نکل سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔

*(B) اگر طلبا کے پاس اپنا سبھی ذاتی سامان موجود ہے تو نگران کہے گا:*

امتحان کا انصرام اب ختم ہو چکا ہے۔ اپنا ذاتی سامان حاصل کر لیں اور خاموشی کے ساتھ کمرے سے باہر نکل جائیں۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رکھیں کہ ممکن ہے دیگر کمروں میں طلبا اب بھی امتحان دے رہے ہوں۔ ایک بار پھر آپ کو مبارک ہو اور آپ کی شرکت اور سخت محنت کیلئے آپ سب کا شکریہ۔